# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: فقہ المعاملات (2963)** **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)**

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)**

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔

3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5) مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7) غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر1

## (یونٹ:1تا4)

سوال نمبر1۔ وکیل کی جانب عقود کی نسبت، عیب زدہ چیز کی واپسی، عقد صرف وسلم میں وکیل بنانے کے احکام قلمبند کریں۔ 20

سوال نمبر2۔ کفیل اور مکفول عنہ کے ایجاب وقبول، مال مکاتبت کی کفالت اور کسی شخص کی وفات کے بعد اس کی جانب سے کفیل بننے کے احکام تحریر کریں۔ 20

سوال نمبر3۔ ہبہ میں ایجاب وقبول، ہبہ کے الفاظ اور مشترک اشیاء کے ہبہ کے احکام تحریر کریں۔ 20

سوال نمبر4۔ ودیعت (امانت) کے احکام پر جامع نوٹ لکھیں۔ 20

سوال نمبر5۔ قرض لینے کی شرائط اور آداب تحریر کریں۔ 20

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ:5تا9)

سوال نمبر1۔ رہن کے متمیز ہونے، مرہونہ چیز کے نقصان، ضمان اور اس کے خرچ سے متعلقہ مسائل واحکام قلمبند کریں۔ 20

سوال نمبر2۔ خلفائے راشدینؓ کے قائم کردہ اوقاف پر نوٹ لکھیں۔ 20

سوال نمبر3۔ وقف کی اہمیت بیان کریں۔ 20

سوال نمبر4۔ موقوفہ اشیاء کی اقسام اور ان کے احکام تحریر کریں۔ 20

سوال نمبر5۔ وقف کی اقسام تحریر کریں۔ 20